سوال

کیانام کے ساتھ اسم اللہ یا محمد کاغذ پر لکھنا لازم ہے ؟

جواب

کاغذ پر اسم اللہ یا اسم محمد لکھنے کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اکثر ناموں میں اسم اللہ یا اسم محمد ہوتا ہے اور کاغذ پر نام لکھتے وقت بہت شوق سے لکھ بھی دیا جاتا ہے اس میں بے حرمتی کا قوی امکان موجود ہے ۔ سوال یہ ہے کہ کیانام کے ساتھ اسم اللہ یا محمد لکھنا لازم ہے یا بے حرمتی سے بچنے کا کوئی طریقہ موجود ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ الحمدللہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اسم اللہ یا اسم محمد کے ساتھ پورا نام لکھنے میں کوئی حرج نہیں ہے ، لیکن بعد میں اسے بے حرمتی سے بچانا چاہیئے ۔ اگر بے حرمتی کے ڈر سے پورا نام لکھنے کی بجائے صرف اشارہ ہی کر دیا جائے تو بظاہر اس میں بھی کوئی حرج نظر نہیں آتا ، لیکن اس تخفیف سے نام کے معنی میں کوئی فساد لازم نہیں آنا چاہیئے ۔ نیز جہاں امتیاز اور دستاویزات میں نام کی ضرورت ہو وہاں تو پورا نام ہی لکھا جائے گا ، ورنہ التباس لازم آئے گا ۔ ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب محدث فتوی فتوی کمیٹی